Batch - 85 (OB)

نام :- ماہ نور کیانی

## سوال نمبر 1 :-

اسلام سے کیا مراد ہے۔ اسلام کی نمایاں خصوصیات بیان کریں؟

**تعارف :-** اسلام سے مراد "امن اور سلامتی" ہے۔ اسلام کا مطلب صرف ایک خدا کے احکامات کو ماننا ہے اور اس کی مخلوقات کے ساتھ امن کے ساتھ پیش آنا ہے۔ اسلام انسان کو دنیا کے ہر میدان میں رہنمائی عطا کرتا ہے۔ اسلام کی نمایاں خصوصیات میں اللہ تعالیٰ کو واحد ماننا، اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات، ایک معتدل دین اور عدل قائم کرنا، آسانی پیدا کرنے والا ہے۔

6

تاریخ: __/__/__

## اسلام کا تصور:-

لفظ اسلام س ل م سے نکلا ہے۔ جس کے لغوی معنی ہیں **جھک جانا، اطاعت کرنا، سپردگی اختیار کرنا** ہے

**اصطلاحی معنی:-** اصطلاحی معنی میں اسلام کا مطلب **اپنی مرضی کو اللہ تعالیٰ کی مرضی کے تابع کرنا** ہے۔ یعنی جو شخص اپنی مرضی اللہ کے سپرد کر دیتا ہے، اللہ تعالیٰ اسے سکون اور اطمینان کرتا ہے۔

**سید امیر علی اپنی کتاب "اسلام کی روح" میں اسلام کی تعریف یوں کی ہے:-**

"ابتدائی مفہوم کے مطابق اسلام کا مطلب ہے امن سے رہنا، آزاد کرنا، اپنی ذمہ داری ادا کرنا اور مکمل ہم آہنگی کے ساتھ رہنا"

**حدیث مبارکہ کے مطابق**

"اسلام پانچ ستونوں پر قائم ہے: اس کی بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں، نماز قائم کرنا، زکوٰۃ دینا، بیت اللہ کا حج کرنا، رمضان کے روزے رکھنا" ۱

**(الحدیث)**

CamScanner

تاریخ: ___/___/___

ایک دن ایک شخص نبی کریمؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور پوچھنے لگا کہ اسلام کسے کہتے ہے۔ **نبی کریمؐ نے فرمایا**:

"اسلام یہ ہے تم خالق اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ اور نماز قائم کرو اور زکوۃ ادا کرو اور رمضان کے روزے رکھو" **(الحدیث)**

## اسلام کی نمایاں خصوصیات

| نمایاں خصوصیات | |
|---|---|
| 1. | توحید کا تصور |
| 2. | رسالت |
| 3. | مکمل ضابطہ حیات |
| 4. | انسانیت کو فروغ |
| 5. | معتدل دین |
| 6. | دائمی دین |

7. امن کا فروغ
8. آسانی والا مذہب
9. حفاظت: اللہ تعالیٰ کے ذمہ

1. **اسلام میں توحید کا منفرد تصور:**

توحید سے مراد ہے
کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ توحید
اسلام کا مرکزی عقیدہ ہے۔ **قرآن مجید میں ارشاد ہے**

قل ھو اللہ احد ہ اللہ الصمد ہ
لم یلد ولم یولد ہ ولم یکن اللہ
کفوا احد ہ (القرآن)

**ترجمہ:**۔ آپ کہہ دیجیے کہ وہ اللہ تعالیٰ ایک ہے
اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے نہ اس سے کوئی پیدا ہوا
نہ وہ کسی سے پیدا ہوا۔ اور نہ کوئی اس کا ہمسفر
ہے۔ (القرآن)

2. اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔

اسلام ایک مکمل دین ہے جو انسان کو دنیا اور آخرت کے ہر میدان میں رہنمائی عطا کرتا ہے۔ اس لیے قرآن مجید میں لفظ میں اسلام کے لیے **دین** کا استعمال ہوا ہے۔ **قرآن مجید میں ارشاد ہے۔**

> آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا اور اپنی نعمت تم پر پوری کر دی ہے اور تمہارے لیے اسلام کو دین کے طور پر پسند کر لیا **(القرآن)**

**ایک اور جگہ مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد**

"ان الدین عند اللہ الاسلام" (القرآن)

**ترجمہ** ۔ بے شک اللہ تعالیٰ کے نزدیک دین اسلام ہی ہے

3. **اسلام :- معتدل دین :-**

تین آدمی نبی کریم ﷺ کی ازواج مطہرات کے گھر پر آئے اور آپ کی عبادت کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے اپنی عبادت کو کم سمجھا اور : اور کہا ہم کہاں اور آپ کہاں ۔ ایک نے کہا : میں ہمیشہ رات پر نماز پڑھوں گا ۔ دوسرے نے کہا ، میں ہمیشہ روزہ رکھوں گا اور کبھی افطار نہیں کروں گا ۔ اور تیسرے نے کہا : میں عورتوں سے دور رہوں گا اور کبھی نکاح نہیں کروں گا ۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا : **اللہ کی قسم میں سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا ہوں اور افطار بھی کرتا ہوں**

one reference is enough for a single argument.

نماز بھی پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں اور عورتوں سے نکاح بھی کرتا ہوں۔ بس جو شخص میرے طریقے سے روگردانی کرے وہ مجھ سے نہیں۔ الحدیث

**قرآن مجید میں ارشاد ہے:**

"وکذلک جعلنکم امتہ وسطا لتکونو" (القرآن)

**ترجمہ:** اور اسی طرح ہم نے تمہیں ایک متوسط امت بنایا

4. **دائمی دین:** دین اسلام وہ دین ہے جو قیامت تک کے لیے منتخب کر دیا ہے۔

**قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:**

"آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا اور اپنی نعمت تم پر پوری کر دی اور تمہارے لیے اسلام کو دین کے طور پر پسند کر لیا۔ القرآن

5. **قرآن:** جس کی حفاظت خود اللہ نے فرمائی۔

قرآن مجید اسلام پر عمل کرنے والوں کے لیے زندہ معجزہ ہے۔ جس میں آج تک زبر، زیر کی بھی تبدیلی نہیں کی گئی۔ کیونکہ اس کا ذمہ اللہ تعالیٰ نے خود اٹھایا ہے۔

**قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:**

انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحفظون۔ (القرآن)

**ترجمہ:** بے شک یہ قرآن ہم نے اتارا اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔

**6. انسان کا مقام و مرتبہ اسلام کی نظر میں:-** دین اسلام نے انسان کو عزت بخشی ہے اور انسان اللہ تعالیٰ کی سب سے اعلیٰ مخلوق ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

> "اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو تو ابلیس کے سوا سب نے سجدہ کیا، اس نے انکار کیا اور تکبر کیا اور وہ کافروں میں ہو گیا۔ [القرآن]
>
> "اور یاد کرو جب تمہارے رب نے فرشتوں سے کہا: میں زمین میں ایک خلیفہ بنانے والا ہوں [القرآن]

**7. اسلام: امن کو فروغ دیتا ہے:-** دین اسلام امن کا درس دیتا ہے۔ جس کا ذکر قرآن میں یوں آیا ہے

**وما ارسلنک الا رحمۃ للعلمین**

**ترجمہ:-** اور ہم نے نبی کریم ﷺ کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔ (القرآن)۔

**8. اسلام:- آسانی پیدا کرنے والا:-** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب بھی نبی کریم ﷺ کو دو چیزوں میں اختیار دیا جاتا تو آپ ﷺ ہمیشہ آسان کو اختیار کرتے۔ بشرطیکہ وہ گناہ نہ ہو۔

09

حدیث مبارکہ ہے:-

لوگوں کے لیے آسانی پیدا کرو اور انہیں مشکل میں

نہ ڈالو، انہیں خوشخبری دو اور متنفر نہ کرو۔ (الحدیث)

add more arguments.

a 20 marks answer should have around 15 arguments and be on 7-9 pages.

end the answer with conclusion.

CamScanner